ساحلی علاقوں میں محفوظ تعمیرات کے بنیادی اصول

انفراسٹرکچر ایڈوائزری اینڈ پراجیکٹ ڈویلپمنٹ ونگ

ساحلی علاقوں میں محفوظ تعمیرات کے بنیادی اصول

انفراسٹرکچر ایڈوائزری اینڈ پروجیکٹ ڈویلپمنٹ ونگ

سندھ کے ساحلی اضلاع میں کراچی، سجاول اور ٹھٹھہ شامل ہیں اوربلوچستان میں گوادر اور لسبیلہ شامل ہیں۔ ان اضلاع کی خصوصیات یہ ہیں کے یہ سمندر کے پاس ہیں یہاں سمندری ہواؤں کی وجہ سے موسم خشگوار رہتا ہے مگر چونکہ یہ جگہ پاکستان کے جنوب میں ہے اس لیے یہاں گرمیوں کے موسم میں سخت گرمی اور نمی ہوتی ہے۔ گرمیوں کے موسم میں مون سون کی وجہ سے ان علاقوں میں بارشیں ذیادہ ہوتی ہیں جس سے اکثر لوگوں کو جسمانی اور مالی نقصان ہوتا ہے- ان علاقوں میں ساحلی خطرات کی آگاہی اور اس سے بچنے کے لیے درج ذیل اقدامات لینے چاہیئں۔

خطرات

ان علاقوں میں درج ذیل خطرات موجود ہیں: زلزلہ، سونامی، ساحلی سیلاب، طوفان، تیز ہوائیں اور گرمیوں کی سخت لو

خطرات سے بچاؤ کے لیے اقدامات

ابھار بند (Upgraded Embankment)

سیلاب کی حفاظت اور کٹاؤ سے بچاؤ کے لئے پتھر، کنکریٹ کے بلاک اور گیبیونز جیسے طریقہ کار استعمال کریں۔

یہ بلند عمارات، روڈ اور ساحلی خطوں کی حفاظت کے لیے بنائے جائیں۔

سمندری بند (Sea Dike)



ڈھلوان میں کنکریٹ، پتھر اور گیبیونز کا استعمال کریں۔

یہ کٹاؤ، سیلاب اور لہر کی کارروائی کے خلاف حفاظتی رکاوٹ فراہم کرتی ہے۔

درج بالا طرز تعمیر میں پائپوں اور نکاسی کے نظام کے ذریعے پانی کے اخراج کو یقینی بنائیں

بریک واٹر (Breakwater)

پتھر، پری-کاسٹ کنکریٹ بلاکس، اور گیبیونز کا استعمال کریں۔

بریک واٹر کو ساحلی خطے سے دور بنایا جائے۔

یہ ساحل تک پہنچنے سے پہلے آنے والی سمندری لہروں کو توڑتا ہے



ساحلی علاقوں میں محفوظ تعمیرات کے بنیادی اصول

خطرات سے بچاؤ کے لیے اقدامات

بنیادی ہدایات

گھر بنانے سے پہلے زمین کے وزن برداشت کرنے کی صلاحیت کی تحقیق کروایں
اگر مٹی نرم ہو، تو مکان کو پائلوں پر بنایا جانا چاہئے




گھروں کی تعمیرات دریاؤں اور ندی نالوں سے فاصلے پر کریں
ڈھلوان یا چٹان پر گھروں کی تعمیرات سے گریز کریں
گھروں کی تعمیرات سڑکوں اور دیگر سہولیات سے متصل علاقوں میں کریں
گھروں کی چھتوں میں مناسب ڈھلاؤ کو یقینی بنائیں جس کی وجہ سے پانی کی نکاسی باآسانی اور ہوا سے تحفظ ممکن ہو



شہری علاقوں میں گھر کا تعمیراتی نقشہ / پلان مجاز اتھارٹی سے منظور شدہ ہو
اگر گھر ایک سے زائد منزل کا ہو تو کالم بنیاد سے چھت تک یکجان ہوں تاکہ عمارت کے وزن کو باآسانی بنیادوں تک پہنچایا جا سکے
گھروں کو ساحلی علاقوں میں موجود صنعتی علاقوں میں ہرگز تعمیر نا کیا جائے

ساحلی علاقوں میں محفوظ تعمیرات کے بنیادی اصول

ساختی بہتری

تعمیراتی مٹیریل کی بہتری

کنکریٹ میں کیمیکل شامل کریں جو اسے کھارے پانی اور سلفیٹ کے حملے سے محفوظ رکھے
پائیداری کے لیے جستی سٹیل یا اسٹین لیس سٹیل استعمال کریں
سب ساختہ پر انٹی موائسچر مٹیریل کوٹنگ مثلاً لک کا استعمال کریں
بوجھ برداشت کرنے والے حصہ جات مثلاً کالم اور بیم میں کنکریٹ کا استعمال کریں

ساختمانی اجزاء

طوفانی بارشوں کے پانی کی نکاس کو ممکن بنانے کے لیے سڑک کی سطح سے بلند پلنتھ کی تعمیر کی جائے
ساحلی علاقوں کی حساس عمارات کے لیے بنیادوں میں پائلز استعمال کریں
عمارتوں کو ہوا کے پریشر سے بچانے کے لیے کنسٹرکشن بولٹ کا استعمال کریں

رہائشی عمارتوں کی غور کی جانے والی باتیں

پری-کاسٹ کنکریٹ تعمیرات



کنکریٹ میں کیمیکل شامل کریں جو اسے کھارے پانی اور سلفیٹ کے حملے سے محفوظ رکھے
بیمز، کالمز اور چھتوں کی تعمیر میں سریے کا استعمال ضروری ہے
بنیادوں اور پلینتھ بیم کے اوپر تارکول یعنی لک کا استعمال کریں جو اسے سیم سے محفوظ رکھے گا
جوڑوں/ جوائنٹ کے لئے مناسب بولٹ اور اینکر کا استعمال کریں
مقامی اتھارٹی کے منظور شدہ نقشہ جات کے مطابق تعمیر کریں

ساحلی علاقوں میں محفوظ تعمیرات کے بنیادی اصول

انفراسٹرکچر
ایڈوائزری اینڈ
پروجیکٹ ڈیولپمنٹ
ونگ

رہائشی عمارتوں کی غور طلب باتیں

مٹی کے گھر

مٹی کے گھروں کو طاقتور بہتر بنانے کے لیے چونے اور سیمنٹ کا استعمال کریں

بنیادوں، ستون، بیموں اور چھتوں کے لیے کیمیائی عمل سے گزری ہوی لکڑی کا استعمال کریں۔

لکڑیوں کو ایک ساتھ باندھ کر استعمال کریں

عمارتوں کی چھتوں میں مناسب ڈھلوان اور نالیاں ہونی چاہیے تاکہ پانی کی نکاسی کو ممکن بنایا جا سکے

تازہ ہوا کی آمدورفت کے لیے کھلی کھڑکیوں اور برآمدہ تعمیر کریں



کنکریٹ بلاک کے گھر

کنکریٹ بلاک میں کیمیکل شامل کریں جو اسے کھارے پانی اور سلفیٹ کے حملے سے محفوظ رکھے

بنیادوں، ستون، بیموں اور چھتوں میں سریے کا استعمال یقینی بنائیں

گھر بناتے وقت سریے کو زنگ سے بچانے کے لیے کیمیکل کا لیپ کیا جانا چاہئے۔

اینٹوں کے گھر (Confined Brick Masonry)

اس کا استعمال حساس ادارے جیسے حکومتی عمارتوں، ہسپتالوں اور اسکولوں میں ہونا چاہیے۔

گھر بناتے وقت سٹیل کو زنگ سے بچانے کے لیے کیمیکل کا لیپ کیا جانا چاہئے

کنکریٹ میں کیمیکل شامل کریں جو اسے کھارے پانی اور سلفیٹ کے حملے سے محفوظ رکھے



مرتب کردہ

انفراسٹرکچر اینڈ وائزری اینڈ پراجیکٹ ڈویلپمنٹ ونگ

نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اسلام آباد